A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2017, GRADE - 8
## URDU PART-A(Objective Type Paper)

MODEL PAPER:2

**Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks**

| Student Name (In Capital Letters) | |
|---|---|

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Signature of Dy.Superintendent (CNIC):________________

| Only For Examinar | صرف ممتحن کے استعمال کے لیے |
|---|---|
| Total Marks MCQs | |
| Signature of Assistant | |
| Signature of Head Examiner | |

For Official Use Only

**عمومی ہدایات:**

(۱) طلبہ غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب دیں۔

(۲) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(۳) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: مچھر کی وجہ سے پھیلنے والی کس بیماری کے خلاف حکومتی سطح پر سخت حفاظتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں؟

(a) چیچک (b) خسرہ (c) ڈینگی (d) پولیو

(۴) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

| کل وقت: 60 منٹ | اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات | کل: 48 نمبر |
|---|---|---|

ہدایات: اس حصہ میں بتیس (32) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ ”قربانی کا جانور خریدا جا رہا ہے“۔ فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) قربانی کا جانور خریدا جا رہا تھا۔ (b) قربانی کا جانور خریدا گیا ہے۔

(c) ہم قربانی کا جانور خرید رہے ہیں۔ (d) قربانی کا جانور خریدا جائے گا۔

سوال نمبر 2۔ مختلف معانی رکھنے والے ہم شکل الفاظ والا جملہ ہے:

(a) چور ایک نہ ایک دن پکڑا ہی جاتا ہے۔ (b) دل ہی دل میں وہ کوئی منصوبہ تیار کر رہا ہے۔

(c) لوگ جوق در جوق تماشا دیکھنے جا رہے ہیں۔ (d) اعلیٰ پائے کے لوگ بھی پائے کھاتے ہیں۔

سوال نمبر 3۔ زیادہ کام کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) دولت مند (b) ذہین (c) محنتی (d) غریب

سوال نمبر4- سلمان اپنے باپ کی دولت پر بہت اکڑتا تھا اور بڑے بول بولتا تھا۔ایک دن اس کا باپ رشوت کے الزام میں پکڑا گیا اور اس کا جرم بھی ثابت ہو گیا۔اب سلمان دوستوں سے منھ چھپاتا پھرتا ہے۔سچ کہتے ہیں:

(a) سر منڈاتے ہی اولے پڑے
(b) لالچ بری بلا ہے
(c) بد اچھا بدنام برا
(d) غرور کا سر نیچا

سوال نمبر5- پاکستان کے مختلف علاقوں کے لوگوں کو اسلامی نظریے نے ایک لڑی میں ۔۔۔۔۔رکھا ہے۔

(a) الجھا
(b) سمیٹ
(c) لپیٹ
(d) پرو

سوال نمبر6- اس نے روتے ہوئے باپ کے سامنے اپنی چھوٹی سی غلطی کا اقرار کر لیا تو باپ کو اس پر پیار آ گیا اور اسے کچھ نہ کہا، سچ کہتے ہیں:

(a) جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے
(b) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی
(c) سانچ کو آنچ نہیں
(d) چور چوری سے جائے ہیرا پھری سے نہیں

سوال نمبر7- الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ "دار" لگے گا؟

(a) مال، حصہ، دیانت
(b) دیانت، ستارہ، خیال
(c) کتاب، کرسی، مال
(d) حصہ، جسم، تیز

سوال نمبر8- لفظ "انعام" سے الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) انعام، محنت، تختی، یاد
(b) انعام، یاد، محنت، تختی
(c) انعام، تختی، یاد، محنت
(d) انعام، تختی، محنت، یاد

سوال نمبر9- "پھول چنے گئے"۔فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہوگا:

(a) پھول چنے گئے تھے۔ (b) مالی نے پھول چنے۔ (c) پھول چنے گئے ہیں۔ (d) پھول چنے جائیں گے۔

سوال نمبر10- صبر کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) صاحب (b) صابر (c) صادق (d) صارف

سوال نمبر11- الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ "خوش" لگے گا؟

(a) لباس، ذائقہ، حال (b) ذائقہ، نام، شام (c) حال، ماضی، درد (d) علاج، لباس، حق

سوال نمبر12- الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) دن، نگر، رقم، مہینہ (b) رقم، مہینہ، دن، نگر (c) نگر، رقم، مہینہ، دن (d) مہینہ، رقم، نگر، دن

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 16,15,14,13 اور 17 کا جواب دیں۔

ایک مثالی طالب علم ہر کام خوش دلی سے کرتا ہے۔اپنے چھوٹے بھائیوں، ہمسایوں اور ہم جماعتوں کی پڑھائی میں ان کی مدد کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ دوسروں کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے۔وعدے کی پابندی، خوش اخلاقی، خوش گفتاری، سچائی، دیانت داری اور ایمان داری سے وہ مثالی طالب علم بنتا ہے۔وہ بخل اور فضول خرچی کو شیطانی عمل سمجھتا ہے، بچت کا عادی ہوتا ہے، جیب خرچ سے اچھی اچھی کتابیں یا قلم خریدتا ہے اور اس طرح اپنے ماں باپ کا معاشی بوجھ بانٹتا ہے۔وہ کوئی اچھی چیز کھائے تو اس میں اپنے دوستوں کو بھی شامل کر لیتا ہے کیوں کہ لالچی اور خود غرض ہونے کی بجائے اس کے دل میں ایثار اور قربانی کا جذبہ ہوتا ہے۔وہ سمجھتا ہے کہ مندرجہ بالا تمام خوبیوں کے ساتھ ساتھ اس کا اولین فرض ہے کہ وہ پوری توجہ سے پڑھے، اساتذہ کی باتیں غور سے سنے اور حصولِ علم کے لیے دل لگا کر سخت محنت کرے۔اگر تمام بچے بچیاں مثالی طلبہ بن جائیں تو ملک کا نام یقینی طور پر روشن ہو جائے گا۔



Result.pk

سوال نمبر13- مثالی طالب علم کے خیال میں نیکی کمانے کا ذریعہ ہے:

(a) بخل (b) ہر وقت پڑھائی

(c) مصروفیت (d) دوسروں کی مدد

سوال نمبر14- عبارت کے مطابق ایک اچھے طالب علم کو ہم جماعتوں کی پڑھائی میں مدد کرنی چاہیے:

(a) ترس کھا کر (b) احسان کر کے

(c) خوشی خوشی (d) مجبوری سے

سوال نمبر15- الفاظ کی کون سی فہرست ایک جیسے معانی کی حامل ہے؟

(a) خوش گفتاری، سچائی (b) ایثار، قربانی

(c) اخلاق، ایمان داری (d) پابندیِ وقت، سچائی

سوال نمبر16 کس عمل کو شیطانی کہا گیا ہے؟

(a) کنجوسی (b) بچت

(c) خوش دلی (d) ایثار

سوال نمبر17- اپنی ضرورت کی چیز دوسرے ضرورت مند کو دے دینے کا جذبہ کہلاتا ہے:

(a) فضول خرچی (b) اسراف

(c) قربانی (d) خوش خلقی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر21,20,19,18 اور22 کا جواب دیں۔

دنیا میں بہت سے لوگ کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔ وہ اپنا نام اور مقام حاصل کرنا اور خیالات کی دنیا میں اپنے آپ کو بہت اعلیٰ مقام پر دیکھنے کے خواہش مند ہیں۔ انسان کی فطرت کچھ ایسی ہے کہ وہ جستجو میں لگا رہتا ہے۔ ہر انسان مشہور تو ہونا چاہتا ہے پر کیا اس کی یہ خواہش بھی ہے کہ وہ ایک اچھا انسان بن جائے؟ اچھا انسان اپنے لیے درست راستے کا انتخاب کرتا ہے۔ اپنے اندر موجود برائی کو ختم کرنے اور اچھائی کو بڑھانے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ اپنی سوچ کو ہمیشہ مثبت رکھتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو دوسروں کی بھلائی کے لیے ہمیشہ پیش کرنے کو تیار رہتا ہے۔ وہ معاشرے سے شر اور فساد ختم کرنے کے لیے اپنا حصہ ڈالتا ہے۔ کیوں کہ وہ خیر کے اس جذبے پر یقین رکھتا ہے کہ اگر دوسرے برائی سے باز نہیں آتے تو وہ کیوں اپنی اچھائی سے باز رہے۔

سوال نمبر18۔ اس عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) عجیب خواہشات (b) مختلف معاشرتی مسائل

(c) سوچیں اور خیالات (d) انسانی سوچ اور اچھائی

سوال نمبر19۔ عبارت کے مطابق بہت سے لوگ کامیابی حاصل کرنے کی رکھتے ہیں:

(a) ہوس (b) خواہش (c) طلب (d) حرص

سوال نمبر20۔ نیک انسان............ بڑھانے کی کوشش کرتا رہتا ہے:

(a) مہارتیں (b) دولت (c) اچھائی (d) عمر

سوال نمبر21۔ لفظ ”شر“ کا متضاد ہے:

(a) شریک (b) فساد (c) خیر (d) برکت

سوال نمبر22۔ عبارت کے مطابق، کون سا جذبہ انسان کو اچھائی پر قائم رکھتا ہے؟

(a) خیر (b) یقین (c) حوصلہ (d) خیال



Result.pk

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 26,25,24,23 اور 27 کا جواب دیں۔

ریل کا سفر ہر اعتبار سے آرام دہ اور محفوظ ہے۔ کار یا بس کتنی بھی آرام دہ اور کشادہ ہو، ریل کی مسافر کوچ جیسی آرام دہ اور کشادہ نہیں ہو سکتی۔ سڑک پر سفر کرنے میں ہچکولے لگتے ہیں، سڑک کہیں خراب بھی ہو سکتی ہے اور ناہموار بھی۔ مگر ریل کا سفر ایسا ہموار ہوتا ہے کہ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے گھر میں بیٹھے ہیں۔ برصغیر میں ریل کا نظام انگریزوں کے زمانے میں قائم ہوا تھا۔ اس وقت ٹرینوں کی آمدورفت کے لیے پٹڑیوں کا جال بچھایا گیا تھا۔ پاکستان میں ریلوے کا نظام بہتری کی طرف گامزن ہے اور انشاء اللہ اس کا مستقبل بہتر ہوگا۔

سوال نمبر 23- لفظ کشادہ کا مطلب ہے:

(a) چھوٹا (b) چوڑا (c) تنگ (d) کھلا

سوال نمبر 24- برصغیر میں ریل کا نظام کس نے قائم کیا؟

(a) انگریزوں نے (b) شیر شاہ سوری نے (c) مغل بادشاہوں نے (d) سکھوں نے

سوال نمبر 25- عبارت میں ریل کے سفر اور گھر میں کونسی کیفیت مشترک بیان کی گئی ہے؟

(a) ہمواری (b) شوروغل (c) خاموشی (d) چہل پہل

سوال نمبر 26- متضاد الفاظ ہیں:

(a) آمدورفت (b) آرام وسکون (c) ملائم وہموار (d) قائم ودائم

سوال نمبر 27- اس عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) ریل کا سفر (b) سڑک کا سفر (c) بس کا سفر (d) خراب سڑکیں

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 31,30,29,28 اور 32 کا جواب دیں۔

چونکہ انسان کے باطن میں پائے جانے والے دو عنصر ''خیر'' اور ''شر'' ایک دوسرے سے زور آزماتے ہیں، مگر زندگی میں موجود ''خیر'' کا عنصر بہترین جذبہ ہونے کی وجہ سے ہر موڑ پر بالآخر غالب آجاتا ہے اور ''شر'' کا عنصر ہمیشہ ناکام ہی رہتا ہے۔ شر کا عنصر ہمیشہ حالات میں پریشانی، بدامنی، انتشار اور دہشت گردی کا باعث بنتا ہے اور ''خیر'' کا عنصر ہمیشہ معاشرے میں اطمینان، خوشی، سکون، باہمی محبت اور امن کے فروغ کا باعث بنتا ہے۔ خیر وہ جذبہ ہے جو آدمی کو انسان بناتا ہے اور انھی انسانوں سے انسانیت فروغ پاتی ہے۔

سوال نمبر 28۔ خیر اور شر کے عناصر کس کے باطن میں پائے جاتے ہیں؟

(a) انسان (b) فرشتہ (c) حیوان (d) حور

سوال نمبر 29۔ ''خیر'' کا عنصر۔۔۔۔۔۔۔۔کا باعث بنتا ہے۔

(a) مصروفیت (b) فکر (c) سکون (d) بے چینی

سوال نمبر 30- ''شر'' کی وجہ سے عام ہوتی ہے:

(a) دہشت گردی (b) سلیقہ شعاری (c) چہل پہل (d) سیاست

سوال نمبر 31- خیر کے جذبے سے فروغ پاتی ہے:

(a) انسانیت (b) خاطر تواضع (c) مہمان نوازی (d) حکومت

سوال نمبر 32- اس عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) خیر اور شر (b) دہشت گردی (c) امن اور سکون (d) آدمی اور انسان

Result.pk